روزنامہ

1913ء سے جاری شدہ

FR-10

الفضل

The ALFAZL Daily

ٹیلی فون نمبر 047-6213029

web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org

ایڈیٹر : عبدالسمیع خان

جمعرات 30-اپریل 2015ء 10رجب 1436ہجری 30شہادت 1394ھش جلد 65-100 نمبر 99

چادر مجھے دے دیں

ایک دفعہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک چادر کی شدید ضرورت تھی۔ایک صحابیہ نے اپنے ہاتھ سے چادر بن کر آپؐ کی خدمت میں پیش کی۔آپؐ اسے زیب تن کر کے صحابہ کی مجلس میں آئے تو آپ کے جسم مبارک پر وہ بہت جچ رہی تھی۔مگر حضرت عبدالرحمان بن عوفؓ نے عرض کیا کہ یارسول اللہ یہ چادر مجھے دے دیں۔رسول اللہؐ جب مجلس سے واپس تشریف لے گئے تو چادر ان کو بھجوادی۔

دوسرے صحابہؓ حضرت عبدالرحمان بن عوفؓ سے بہت ناراض ہوئے۔کہ انہوں نے چادر کیوں مانگی۔مگر انہوں نے کہا کہ میں نے تو یہ چادر اس لئے مانگی تھی کہ مجھے بطور کفن پہنائی جائے چنانچہ ایسا ہی کیا گیا۔ (صحیح بخاری کتاب البیوع باب النساج حدیث نمبر 1951)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

حضرت مسیح موعود نے 16-اکتوبر 1903ء کو قادیان کے مڈل سکول کی اعانت کے لئے باقاعدہ ماہانہ چندہ کی تحریک کے لئے اشتہار دیا جس میں تحریر فرمایا کہ:

”علاوہ لنگر خانہ اور میگزین کے جو انگریزی اور اردو میں نکلتا ہے جس کے لئے اکثر دوستوں نے سرگرمی ظاہر کی ہے ایک مدرسہ بھی قادیان میں کھولا گیا ہے۔اس سے یہ فائدہ ہے کہ نوعمر بچے ایک طرف تو تعلیم پاتے ہیں اور دوسری طرف ہمارے سلسلہ کے اصولوں سے واقفیت حاصل کرتے جاتے ہیں۔اس طرح پر بہت آسانی سے ایک جماعت تیار ہو جاتی ہے۔بلکہ بسا اوقات ان کے ماں باپ بھی اس سلسلہ میں داخل ہو جاتے ہیں لیکن ان دنوں میں ہمارا یہ مدرسہ بڑی مشکلات میں پڑا ہوا ہے اور باوجودیکہ محبی عزیزی اخویم نواب محمد علی خان صاحب رئیس مالیر کوٹلہ اپنے پاس سے اسی روپیہ ماہوار دے کر اس مدرسہ کی مدد کرتے ہیں مگر پھر بھی استادوں کی تنخواہیں ماہ بماہ ادا نہیں ہو سکتیں۔صدہا روپیہ قرضہ سر پر رہتا ہے۔علاوہ اس کے مدرسہ کے متعلق کئی عمارتیں ضروری ہیں جو اب تک تیار نہیں ہو سکیں۔یہ غم علاوہ اور غموں کے میری جان کھا رہا ہے۔اس کی بابت میں نے بہت سوچا کہ کیا کروں۔آخر یہ تدبیر میرے خیال میں آئی کہ میں اس وقت اپنی جماعت کے مخلصوں کو بڑے زور کے ساتھ اس بات کی طرف توجہ دلاؤں کہ وہ اگر اس بات پر قادر ہوں کہ پوری توجہ سے اس مدرسہ کے لئے بھی کوئی ماہانہ چندہ مقرر کریں تو چاہئے کہ ہر ایک ان میں سے ایک مستحکم عہد کے ساتھ کچھ نہ کچھ مقرر کرے جس کے لئے وہ ہرگز تخلف نہ کرے مگر کسی مجبوری سے جو قضاء وقدر سے واقع ہو۔“

پھر فرمایا:”میں یقین رکھتا ہوں کہ جو لوگ ہر وقت میری تعلیم سنتے ہیں خدا تعالیٰ ان کو ہدایت دے گا اور ان کے دلوں کو کھول دے گا۔“

(مجموعہ اشتہارات جلد دوم صفحہ 621,620)

سیدنا حضرت مسیح موعود نے حکم ربانی سے 1891ء کے شروع میں انفاق فی سبیل اللہ کا جو پودا لگایا تھا وہ 24 نومبر 1905ء کو مختلف ارتقائی ادوار میں سے گزرنے کے بعد نظام ”الوصیت“ کی صورت میں ایک عالمگیر تناور درخت کی شکل اختیار کر گیا اور حضور نے فرمایا:

”یہ مت خیال کرو کہ یہ صرف دور از قیاس باتیں ہیں بلکہ یہ اس قادر کا ارادہ ہے جو زمین و آسمان کا بادشاہ ہے۔مجھے اس بات کا غم نہیں کہ اموال جمع کیونکر ہوں گے اور ایسی جماعت کیونکر پیدا ہوگی جو ایمانداری کے جوش سے یہ مردانہ کام دکھلائے۔بلکہ مجھے یہ فکر ہے کہ ہمارے زمانہ کے بعد وہ لوگ جن کے سپرد ایسے مال کئے جائیں وہ کثرت مال کو دیکھ کر ٹھوکر نہ کھاویں اور دنیا سے پیار نہ کریں۔“

(رسالہ الوصیت،روحانی خزائن جلد 20 صفحہ 319)

حضرت مسیح موعود نے فرمایا تھا کہ خدا نے مجھے صدق سے بھری روحیں عطا کی ہیں۔تاریخ احمدیت گواہ ہے کہ واقعی ان پاکیزہ روحوں نے ہمیشہ ہمیش کے لئے قابل رشک مثالیں انفاق فی سبیل اللہ کی قائم کی ہیں۔آپ نے فرمایا:

”میں دیکھتا ہوں کہ میری جماعت نے جس قدر نیکی اور صلاحیت میں ترقی کی ہے۔یہ بھی ایک معجزہ ہے۔ہزار ہا آدمی دل سے فدا ہیں۔اگر آج ان کو کہا جائے کہ اپنے تمام اموال سے دست بردار ہو جاؤ تو وہ دست بردار ہو جانے کے لئے مستعد ہیں۔“

(سیرۃ المہدی جلد اول صفحہ 150)

یتیم کی کفالت ایک اہم فرض

حضرت مسیح موعود کی بعثت کے وقت سے خدمت خلق کا سلسلہ بھی شروع ہو گیا تھا۔حضرت میر محمد اسحق صاحب یتامیٰ کی پرورش اور خبرگیری کیلئے اس قدر اہتمام فرماتے تھے کہ ایک مرتبہ یتامیٰ کے کھانے کیلئے ہوسٹل میں آٹا ختم ہو گیا۔حضرت میر محمد اسحق صاحب نے تو فوری طور پر باوجود شدید علالت کے تانگہ منگوایا اور مخیّر دوستوں کو تحریک کر کے آٹا کا بندوبست کیا۔

اس کے بعد خلفاء احمدیت کی ہدایات اور راہنمائی میں یہ نظام چلتا رہا حتیٰ کہ مارچ 1989ء میں صد سالہ جوبلی کے مبارک موقع پر حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے باقاعدہ طور پر کفالت یکصد یتامیٰ کے نام سے اس تحریک کا اجراء فرمایا اور فرمایا کہ اس مبارک اور تاریخی موقع پر شکرانہ کے طور پر جماعت احمدیہ ایک سو یتامیٰ کی کفالت کا ذمہ اٹھانے کا عہد کرتی ہے۔چنانچہ یتامیٰ کی خدمات کے سائے بڑھتے بڑھتے آج قریباً پانچصد فیملیز کے 2ہزار 7صد یتامیٰ زیر کفالت ہیں۔

یتامیٰ کی کفالت اور پرورش میں 1-خوردونوش 2-تعلیمی اخراجات 3-بچیوں کی شادی کے اخراجات 4-علاج معالجہ اور مکان کی تعمیر و مرمت اور کرایہ کے اخراجات شامل ہیں۔جس پر کل 25 لاکھ روپے ماہوار اخراجات ہو رہے ہیں اور آمد انتہائی کم ہے۔اس کے باعث دفتر ہذا کو مالی مشکلات کا سامنا ہے۔ایک یتیم کی کفالت پر ایک ہزار تا تین ہزار روپے ماہوار اخراجات ہوتے ہیں۔

تمام احباب جماعت سے عموماً اور مخیّر حضرات مخلصین سے خصوصاً التماس ہے کہ اس مبارک تحریک میں بڑھ چڑھ کر شرکت فرما کر ممنون فرمائیں اور ہمارے پیارے آقا کی اس پیاری حدیث کا مصداق بنیں۔جس میں آپؐ فرماتے ہیں۔میں اور یتیم کی کفالت کرنے والا جنت میں اس طرح اکٹھے ہوں گے جس طرح دو انگلیاں۔اللہ تعالیٰ ہم سب کو اس اہم فریضہ کی ادائیگی کی بہترین توفیق دے۔آمین

(سیکرٹری کمیٹی کفالت یکصد یتامیٰ دارالضیافت ربوہ)

پبلشر و پرنٹر : طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ .... مطبع: ضیاء الاسلام پریس .... مقام اشاعت : دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ .... قیمت 5 روپے

مرسلہ: نظارت اصلاح وارشاد مرکزیہ

خطبات امام وقت سوال وجواب کی شکل میں

بسلسلہ تعمیل فیصلہ جات مجلس شوریٰ 2013ء

خطبہ جمعہ 27 مارچ 2015ء

س: حضرت مسیح موعود کے اشتہار شائع کرنے سے کیا ظاہر ہوتا ہے؟

ج: فرمایا! اگران اشتہارات کو دیکھا جائے یہ شائع شدہ بھی ہیں یہ سب مذہبی دنیا کا ایک خزانہ ہیں۔ آپ کو ایک تڑپ تھی کہ تمام مذہب والوں کو تباہ ہونے سے بچائیں۔ آپ اکیلے یہ کام کرتے تھے اور اس کے لئے سخت محنت کرتے ہیں۔ بڑی بڑی تصنیفات تو آپ کی ہیں ہی۔ آپ کی ہمدردیٔ خلق کی تڑپ چھوٹے اشتہارات کے ذریعہ سے بھی دنیا کی اصلاح کا درد ظاہر کرتی ہیں۔

س: حضرت مسیح موعود دعوت الی اللہ پر کس طرح مستعد رہے؟

ج: فرمایا! باوجود بیماری کے آپ رات دن لگے رہتے تھے اور اشتہار پر اشتہار دیتے رہتے تھے۔ لوگ آپ کے کام کو دیکھ کر حیران رہ جاتے تھے۔ ایک اشتہار دیتے تھے اس کا اثر دور نہیں ہوتا تھا اور اس کی وجہ سے مخالفت میں جو جوش پیدا ہوتا تھا وہ بھی کم نہ ہوتا تھا کہ دوسرا اشتہار آپ شائع کر دیتے تھے۔ ذرا سا جوش ٹھنڈا ہونے لگتا تو فوراً دوسرا اشتہار شائع فرما دیتے تھے جس کی وجہ سے پھر مخالفت کا شور بپا ہو جاتا۔ آپ نے رات دن اسی طرح کام کیا اور یہی ذریعہ کامیابی کا ہے۔

س: حضور انور نے جماعتوں کو دعوت الی اللہ کے لئے اشاعت مختصر فولڈرز کی طرف توجہ دلائی تو اس کا کیا فائدہ ہوا؟

ج: فرمایا! تین چار سال پہلے میں نے جماعتوں کو کہا تھا کہ ورقہ دو ورقہ بنا کر دعوت الی اللہ کا کام کریں اور اس کا ٹارگٹ بھی دیا تھا کہ لاکھوں کی تعداد میں ہونا چاہئے جس سے دین حق کی خوبصورت تعلیم کا بھی دنیا کو پتا لگے۔ جن جماعتوں نے اس سلسلے میں کام کیا اللہ تعالیٰ کے فضل سے بڑے مثبت نتائج وہاں نکلے ہیں۔ سپین میں جامعہ کے طلباء کو میں نے بھیجا تھا انہوں نے بڑا کام کیا وہاں اور تقریباً تین لاکھ کے قریب مختلف پمفلٹ تقسیم کئے۔ اسی طرح اب جامعہ کینیڈا کے طلباء نے سپینش ممالک میں اور میکسیکو میں جا کر یہ اشتہارات تقسیم کئے اور اللہ تعالیٰ کے فضل سے اس سے دعوت الی اللہ کے میدان بھی بڑے وسیع ہوئے ہیں اور بیعتیں بھی ہوئی ہیں۔

س: خود پسندی کی بابت حضور انور نے کون سا واقعہ بیان فرمایا؟

ج: فرمایا! خود اشتہار شائع کرنے میں بعض اوقات خود پسندی بھی آ جاتی ہے کہ میرا نام بھی نکلے۔ صرف یہ اشتہاروں کی بات نہیں ہے باقی معاملات میں بھی جب خود پسندی اور شہرت کی دماغ میں بات سما جائے اور اس کے لئے کوشش کرے انسان تو پھر اس کا فائدہ کوئی نہیں ہوتا بلکہ نقصانات زیادہ ہوتے ہیں۔ اب تو دعوت الی اللہ کے میدان میں اللہ تعالیٰ کے فضل سے اتنی وسعت پیدا ہو چکی ہے کہ اگر کوئی افرادی طور پر پمفلٹ شائع کرے تو وہ بہت معمولی ہوگا۔ اس لئے اگر وہ فائدہ مند خیال کسی کے دل میں آتا ہے جس سے اشتہار بہتر طور پر بن سکے اور جاذب نظر بھی ہو۔ لوگوں کی توجہ کھینچنے والا بھی ہو مضمون بھی اس میں اچھا ہو تو وہ جماعتی نظام کو پھر دے دینا چاہئے۔ اگر اس قابل ہو تو پھر جماعتی نظام اس کو شائع کرتا ہے۔

س: جماعت احمدیہ میں ابتداء میں کس قسم کے لوگ شامل ہوئے؟

ج: فرمایا! حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں۔ پہلی قسم تو وہ ہے...... کہ جو میرے دعوے کو سمجھ کر اور سوچ کر احمدی ہوئے ہیں وہ جانتے ہیں کہ میری بعثت کی غرض کیا ہے اور وہ سمجھتے ہیں کہ جس رنگ میں پہلے انبیاء کی جماعتوں نے قربانیاں کی ہیں اسی رنگ میں ہمیں بھی قربانیاں کرنی چاہئیں مگر ایک اور جماعت ایسی ہے جو صرف حضرت مولوی نورالدین صاحب کی وجہ سے ہمارے سلسلے میں داخل ہوئی ہے۔ ان کو بعثت کی غرض نہیں پتا ...... تیسری جماعت بعض نوجوانوں کی ہے جن کے دلوں میں گو دین کا درد تھا مگر قومی طور پر نہ کہ مذہبی طور پر وہ چاہتے تھے کہ کوئی جتھہ ہو یعنی مذہبی طور پر کوئی درد نہیں تھا لیکن چاہتے تھے کہ کوئی جتھہ ہو ایک اکٹھ ہو۔ تو ایسے لوگ بھی جماعت میں شامل ہوئے۔

س: دنیا میں ترقیات کے ذرائع اور دین میں ترقیات کے ذرائع کے حوالہ سے حضور انور نے کیا ارشاد فرمایا؟

ج: دنیا میں ترقیات کے جو ذرائع سمجھے جاتے ہیں وہ بالکل اور ہیں اور دین میں جو ترقیات کے ذرائع سمجھے جاتے ہیں وہ بالکل اور۔ انجمنیں اور طرح ترقی کرتی ہیں اور دین اور طرح۔ دین کی ترقی کے لئے ضروری ہوتا ہے کہ اخلاق کی درستی کی جائے۔ قربانی اور ایثار کا مادہ پیدا کیا گیا ہو، نمازیں پڑھی جائیں تاکہ روحانیت میں ترقی ہو، روزے رکھے جائیں۔ اللہ تعالیٰ پر توکل پیدا کیا جائے۔ اس کی اطاعت اور فرمانبرداری کا عہد کیا جائے۔ اگر ہم یہ تمام باتیں کریں گے تو دنیا کی نگاہ میں تو ہم پاگل قرار پائیں گے مگر خدا تعالیٰ کی نگاہ میں ہم سے زیادہ عقلمند اور کوئی نہیں ہوگا۔ اگر تم چاہو کہ تم ضرورت کے موقع پر جھوٹ بھی بول لیا کرو، دھوکہ فریب کر لیا کرو، چال بازی سے کام لے لیا کرو، غیبت اور چغلی سے بھی کبھی کبھی فائدہ لے لیا کرو اور پھر یہ امید رکھو کہ تمہیں کامیابی حاصل ہو جائے تو یاد رکھو تمہیں ہرگز وہ کامیابی حاصل نہیں ہوگی جس کا وعدہ اللہ تعالیٰ نے حضرت مسیح موعود سے فرمایا ہے۔

س: قادیان میں جماعت احمدیہ کا پرائمری سکول کس طرح جاری ہوا؟

ج: فرمایا! حضرت مصلح موعود بیان فرماتے ہیں کہ جب میں اس سرکاری پرائمری سکول میں پڑھنے گیا اور دوپہر کو میرا کھانا آیا اس روز کلیجی پکی ہوئی تھی۔ اس وقت میاں عمر دین صاحب نے مجھے گوشت کھاتے دیکھ کہ تعجب کیا گویا کہ گوشت کھانا اچھا نہیں۔ اس کی یہی وجہ تھی کہ آریہ ماسٹر سکھلاتے تھے کہ گوشت خوری ظلم ہے اور بہت بری چیز ہے اور اس سے بچنا چاہئے۔ غرض آریہ مدرس اس قسم کے اعتراضات کرتے رہتے اور لڑکے گھروں میں آ کر بتاتے کہ وہ یہ اعتراض کرتے ہیں۔ آخر یہ معاملہ حضرت مسیح موعود کے پاس پہنچا تو آپ نے فرمایا جس طرح بھی ہو سکے جماعت کو قربانی کر کے ایک پرائمری سکول قائم کر دینا چاہئے۔ چنانچہ پرائمری سکول کھل گیا۔

س: مڈل اور ہائی سکول قادیان ابتداء میں کیسے جاری ہوا؟

ج: فرمایا! حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں کہ ہمارے بہنوئی نواب محمد علی خان صاحب ہجرت کر کے قادیان آ گئے۔ انہیں سکولوں کا بڑا شوق تھا چنانچہ انہوں نے ملیر کوٹلے میں بھی ایک مڈل سکول قائم کیا ہوا تھا۔ انہوں نے کہا کہ میں چاہتا ہوں کہ اس سکول کو مڈل کر دیا جائے یعنی قادیان والے کو۔ میں وہاں سکول کو بند کر دوں گا اور وہ امداد یہاں دے دیا کروں گا۔ چنانچہ قادیان میں مڈل سکول ہو گیا۔ پھر بعد میں کچھ نواب محمد علی صاحب اور کچھ حضرت خلیفۃ المسیح الاول کے شوق کی وجہ سے فیصلہ کیا گیا کہ یہاں ہائی سکول کھولا جائے چنانچہ پھر یہاں ہائی سکول کھول دیا گیا لیکن یہ ہائی سکول پہلے نام کا تھا کیونکہ اکثر پڑھانے والے انٹرنس پاس تھے اور بعض شاید انٹرنس فیل بھی لیکن بہرحال ہائی سکول کا نام ہو گیا زیادہ خرچ کرنے کی جماعت میں طاقت نہ تھی اور نہ ہی خیال پیدا ہو سکتا تھا لیکن آخر یہ وقت بھی آ گیا کہ گورنمنٹ نے اس بات پر خاص زور دینا شروع کیا کہ سکول اور بورڈنگ بنائے جائیں نیز یہ کہ سکول اور بورڈنگ بنانے والوں کو امداد دی جائے گی چنانچہ حضرت خلیفۃ المسیح الاول کے عہد خلافت میں یہ سکول بھی بنا اور بورڈنگ بھی۔ پھر آہستہ آہستہ عملے میں اصلاح شروع ہوئی اور طلباء بڑھنے لگے پہلے ڈیڑھ سو تھے پھر تین چار سو ہوئے پھر سات آٹھ سو ہو گئے اور مدتوں تک یہ تعداد رہی اب تین چار سالوں میں آٹھ سو سے ایک دم ترقی کر کے سکول کے لڑکوں کی تعداد سترہ سو ہو گئی ہے اور میں نے سنا ہے کہ ہزار سے اوپر لڑکیاں ہو گئی ہیں گویا لڑکے اور لڑکیاں ملا کر تقریباً تین ہزار بن جاتی ہیں۔ پھر مدرسہ احمدیہ بھی قائم ہوا اور کالج بھی۔ خدا تعالیٰ کے فضل سے مدرسہ احمدیہ میں بھی میری گزشتہ تحریک کے تحت طلباء بڑھنے شروع ہوئے اور پچیس تیس طلباء ہر سال آنے شروع ہو گئے ہیں۔ اگر یہ سلسلہ بڑھتا رہا تو مدرسہ احمدیہ اور کالج کے طلباء کی تعداد چھ سات سو تک یا اس سے بھی زیادہ تک پہنچ جائے گی اور اس طرح ہمیں سو مربی ہر سال مل جائے گا۔

س: احمدیت قبول کرنے پر مشکلات اٹھانے والے افراد قادیان آتے تو ان کی رہائش کہاں ہوتی تھی؟

ج: فرمایا! حضرت مسیح موعود کے گھر کی ہر ایک کوٹھڑی ایک مستقل مکان تھا۔ یعنی ہر کمرہ جو تھا اس میں خاندان آباد تھے۔ ایک ایک کمرہ جو تھا ایک ایک خاندان کو ملا ہوا تھا اور مکان بن گیا تھا جس میں کوئی نہ کوئی مہمان یا مہاجر خاندان رہتا تھا۔ غرض یہ بوجھ انسانی طاقت اور برداشت سے بہت بڑھا ہوا تھا۔ ہر صبح جو چڑھتی اپنے ساتھ تازہ تازہ ابتلاء اور تازہ ذمہ داریاں لاتی اور ہر شام جو پڑتی اپنے ساتھ ساتھ تازہ ابتلاء اور تازہ ذمہ داریاں لاتی مگر (کیا اللہ تعالیٰ اپنے بندے کے لئے کافی نہیں) کی نسیم سب فکروں کو خس وخاشاک کی طرح اڑا کر پھینک دیتی اور وہ بادل جو ابتدائے سلسلہ کی عمارت کی بنیادوں کو اکھاڑ کر پھینک دینے کی دھمکی دیتے تھے تھوڑی ہی دیر میں رحمت اور فضل کے بادل ہو جاتے اور ان کی ایک ایک بوند کے گرتے وقت (کیا اللہ تعالیٰ اپنے بندے کے لئے کافی نہیں) کی ہمت افزا آواز پیدا ہوتی۔ یعنی اتنی سختی تھی لیکن پھر بھی یہ یقین تھا کہ اللہ تعالیٰ ہمارے لئے کافی ہے اور حالات بدلیں گے۔

س: حضرت مسیح موعود اور آپ کے ساتھیوں کی اعجازی رنگ میں حفاظت کا کون سا واقعہ بیان ہوا؟

ج: فرمایا! ایک رات آپ دوستوں سمیت سو رہے تھے کہ آپ کی آنکھ کھلی یعنی حضرت مسیح موعود کی اور دل میں ڈالا گیا کہ مکان خطرے میں ہے۔ آپ نے ان سب دوستوں کو جگایا اور کہا کہ مکان خطرے میں ہے اس میں سے نکل چلنا چاہئے۔ سب دوستوں نے نیند کی وجہ سے پرواہ نہ کی اور یہ کہہ کر سو گئے کہ آپ کو وہم ہو گیا ہے۔ مگر آپ کا احساس برابر ترقی کرتا رہا آخر آپ نے پھر ان کو جگایا اور توجہ دلائی کہ چھت میں سے چڑ چڑاہٹ کی آواز آتی ہے۔ مکان خالی کر دینا چاہئے۔ انہوں نے کہا معمولی بات ہے ایسی آوازیں بعض جگہ لکڑی میں کیڑا لگنے سے آیا ہی کرتی ہیں۔ آپ ہماری نیند کیوں خراب کرتے ہیں۔ حضرت مسیح موعود نے پھر اصرار کیا کہ اچھا آپ لوگ میری بات مان کر ہی نکل چلیں۔ آخر مجبور ہو کر لوگ نکلنے پر رضامند ہوئے۔ حضرت صاحب کو چونکہ یقین تھا کہ خدا میری حفاظت کے لئے مکان گرنے کو روکے ہوئے ہے

باقی صفحہ 7 پر

مکرم انور محمود خان صاحب

آرہا ہے اس طرف احرار یورپ کا مزاج

براعظم یورپ یا ریاست ہائے متحدہ یورپ اور حضرت مسیح موعود کی پیشگوئیوں میں مذکور الٰہی اشارے

(قسط دوم آخر)

دوسری پیشگوئی 1924ء میں پوری ہوئی جب حضرت خلیفۃ المسیح الثانی ویمبلے کانفرنس میں شرکت کیلئے لندن تشریف لائے اور آپ کا لیکچر احمدیت اس محفل میں پڑھا گیا۔ساتھ ہی حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے بیت فضل لندن کی بنیاد رکھی۔ اس پر بیرونی اخبارات نے جو تبصرے کئے ان میں سے چند ایک مختصراً پیش ہیں۔

ڈاکٹر والر واش جوفری چرچ کے سربراہ تھے اور خود فصیح البیان مقرر تھے انہوں نے یہ تاثر پیش کیا:

''مَیں نہایت خوش قسمت ہوں کہ مجھے یہ لیکچر سننے کا موقعہ ملا۔قانون کے ایک پروفیسر نے بیان کیا کہ جب وہ مضمون سن رہا تھا تو یہ محسوس کر رہا تھا کہ یہ دن گویا ایک نئے دور کا آغاز کرنے والا ہے۔ اور پھر کہا اگر آپ لوگ کسی اور طریق سے ہزاروں ہزار روپیہ بھی خرچ کرتے تو اتنی زبردست کامیابی حاصل نہیں کرسکتے تھے''۔

(تاریخ احمدیت جلد 4 صفحہ 453)

مانچسٹر گارڈین نے 24/ستمبر 1924ء کی اشاعت میں لکھا:۔

''اس کانفرنس میں ایک ہلچل ڈالنے والا واقعہ جو اس وقت ظاہر ہوا وہ آج سہ پہر کو(۔) کے ایک نئے فرقہ کا ذکر تھا۔ نئے فرقہ کا لفظ ہم نے آسانی کے لئے اختیار کیا ہے ورنہ یہ لوگ اس کو درست نہیں سمجھتے۔اس فرقہ کی بنیاد کے قول کے بموجب آج سے چونتیس سال پہلے اس مسیح نے ڈالی جس کی پیشگوئی بائبل اور دوسری کتابوں میں ہے۔ اس سلسلہ کا یہ دعویٰ ہے کہ خداتعالیٰ نے اپنے صریح الہام کے ماتحت اس سلسلہ کی بنیاد اس لئے رکھی ہے کہ وہ نوع انسان کو(۔) کے ذریعہ خداتعالیٰ تک پہنچائے۔ ایک ہندوستان کے باشندے نے جو سفید دستار باندھے ہوئے ہے اور جس کا چہرہ نورانی اور خوشکن ہے اور سیاہ داڑھی رکھتا ہے اور جس کا لقب ہز ہولی نس خلیفۃ المسیح الحاج میرزا بشیر الدین محمود احمد یا مختصراً 'خلیفۃ المسیح' ہے نے مندرجہ بالا تحدی اپنے مضمون میں پیش کی جس کا عنوان ہے''(۔) میں احمدیہ تحریک'' ......۔ آپ نے اپنے مضمون کو ایک پُر جوش اپیل کے ساتھ ختم کیا۔جس میں انہوں نے حاضرین کو اس نئے مسیح اور اس نئی تعلیم کے قبول کرنے کے لئے مدعو کیا۔اس بات کا بیان کر دینا بھی ضروری ہے کہ اس پرچہ کے بعد جس قدر تحسین وخوشنودی کا چیئرز کے ذریعہ اظہار کیا گیا اس سے پہلے کسی پرچہ پہ ایسا نہیں کیا گیا تھا۔

(تاریخ احمدیت جلد چہارم صفحہ 454)

(3) ''سلطنت برطانیہ تا ہشت سال بعد ازاں ضعف وفساد واختلال''

حضرت مسیح موعود کو یہ الہام 1892ء میں ہوا جبکہ سلطنت برطانیہ اپنی ترقی کے جوبن پر تھی اور متعدد ممالک میں Colonies بن چکی تھیں۔ اس استعماری عروج کے وقت اللہ تعالیٰ نے آپ کو خبر دی کہ سلطنت برطانیہ کا عروج مزید آٹھ سال رہے گا۔اس کے بعد انحطاط ،فساد اور پراگندگی پھیلے گی۔اُس زمانے میں یہ کہا جاتا تھا کہ برطانیہ پر سورج کبھی غروب نہیں ہوگا۔دنیا کی ایک تہائی آبادی اس کے زیر اثر تھی۔ اور تین سو سال سے زائد عرصہ میں اس عروج کو پہنچی تھی۔ان حالات میں اللہ تعالیٰ نے زوال کی خبر دی اور ٹھیک نویں سال میں جنوری 1902ء کو ملکہ وکٹوریہ کا وصال ہوا اور یہی سال برطانیہ کے زوال کا سال شمار ہوتا ہے۔ چنانچہ برٹش ایمپائر کے ویب سائٹ پر اس عنوان کے تحت ایک باب باندھا گیا''استعماریت کی موت اور قومیت کی پیدائش''۔اس میں یہ لکھا گیا:۔

"The Edwardian era (1901-1910) was one of the intense concern over the decline of British naval and Commercial dominance".

''یعنی ایڈورڈ کا دور(10-1901ء) وہ عرصہ ہے جس میں برطانیہ کی نیوی اور تجارتی برتری کو دھچکا لگا اور زوال شروع ہوگیا''۔

آگے چل کر لکھا کہ جرمن ،روسی ،فرانسیسی اور جاپانی نیوی کی قوتوں نے برطانیہ کی برتری پر قابو پا لیا۔ ادھر امریکہ نے پانامہ کینال کا معاہدہ کرکے برطانیہ کی پانی کی قوت کو پسپا کردیا۔تمام استعماری آبادکاریاں جو 20 کے قریب تھیں ایک ایک کرکے خودمختار ہوتی گئیں اور صدی کی آخری چوتھائی میں برطانیہ اپنی حدود میں آگیا اور ساری کالونیاں آزاد ممالک بن گئیں۔

جرمنی کے بارہ میں دو بابرکت رؤیا

دوسری جنگ عظیم کے اختتام پر جب جرمنی مشرقی اور مغربی حصہ میں تقسیم ہوچکا تھا حضرت مرزا ناصراحمد نے آکسفورڈ میں ایک رؤیا دیکھی کہ جیسے جرمنی کا نقشہ ہے لیکن متحدہ جرمنی ہے۔آپ کی یہ خواب 45 سال بعد 1989ء میں پوری ہوئی اور جب دنیا 10 نومبر بروز جمعہ صبح اٹھی تو دیکھا کہ دیوار برلن گرچکی ہے اور حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کا رؤیا "Friday the 10th" اس رنگ میں پورا ہوا کہ جرمنی پھر ایک بڑے ملک کی طرح دنیا کے نقشے پر ظاہر ہوا۔ اتحاد جرمنی،اتحاد اقوام یورپ کی پہلی منزل تھی۔اس کے بعد لحظہ بہ لحظہ یہ اتحاد اقوام کا عمل جاری رہا اور 1993ء میں یورپین پارلیمنٹ قائم ہوئی جس میں یورپ کے 27 ممالک شامل ہیں۔ چونکہ یہ اتحاد یورپ بغیر توپ وتفنگ کے ہوا ہے اس لئے اس کی اساس انسانی بہبود اور آپس میں رواداری کا تقاضا کرتی ہے۔

خداتعالیٰ نے حضرت مرزا ناصراحمد صاحب خلیفۃ المسیح الثالث کی زبان مبارک سے یہ الفاظ جاری کئے ''محبت سب کے لئے نفرت کسی سے نہیں''۔ دنیا کا کوئی مدبر،مفکر اور دانشمند ایسا نہیں جس نے اس کو دہراتے وقت یہ نہ کہا ہو کہ یہ ضرورت زمانہ ہے۔اور ایک نادر نعرہ ہے جو ساری انسانیت میں بھائی چارہ کی اساس کے لئے ایک پُرتاثیر کلمہ ہے۔

اب آیئے یہ دیکھیں کہ 2003ء سے حضرت مرزا مسرور احمد ایدہ اللہ تعالیٰ کس طرح امن عالم اور قیام اتحاد اقوام کا پرچار فرمارہے ہیں۔ 22/اکتوبر 2008ء کو حضرت مرزا مسرور احمد ایدہ اللہ تعالیٰ نے برطانیہ کی پارلیمنٹ سے خطاب کیا۔ صد سالہ خلافت جوبلی کے سال میں آپ نے عالمی مسائل جو انسانیت کو موجودہ دور میں درپیش ہیں اور ان سے کس طرح نجات مل سکتی ہے اور کیسے دین حق کی حسین اور پُرامن تعلیم امن عالم کی ضامن ہے کے موضوع پر خطاب فرماتے ہوئے دینی تعلیمات کی روشنی میں رہنمائی فرمائی۔

2012ء میں حضور اقدس ایدہ اللہ تعالیٰ نے کوبلنز جرمنی میں ان کے ملٹری ہیڈکوارٹرز میں دینی تعلیمات،حب الوطنی اور وفاداری کے عنوان پر خطاب کیا۔ اور اس پہلو سے غلط العام نظریہ کہ'' اسلام تشدّد کی تعلیم دیتا ہے'' کا ردّ فرمایا۔آپ نے ملک سے وفاداری اور''حُبُّ الْوَطَنِ مِنَ الْاِیْمَان'' کی نہایت پُراثر تفسیر بیان فرمائی۔

مارچ 2012ء میں آپ نے جماعت احمدیہ برطانیہ کی نویں امن کانفرنس میں خطاب فرمایا جو بیت الفتوح میں منعقد کی جاتی ہے۔اس خطاب میں آپ نے جوہری توانائی سے لیس عالمی جنگ عظیم کے امکانات کا تجزیہ فرمایا اور سارے ممالک کو خبردار کیا کہ اگر ہم نے اس طرف توجہ نہ کی اور بین الاقوامی مسائل میں افہام وتفہیم کا رویہ اختیار نہ کیا تو ہولناک نتائج سامنے آئیں گے۔

اس شہزادۂ امن نے جون 2012ء میں امریکہ کی کانگریس سے خطاب فرمایا اور راہِ امن کے عنوان سے ایک مبسوط خطاب فرمایا جس میں خدائی تائیدونصرت کا نشان 'نُصِرْتُ بِالرُّعْبِ' کا عظیم الشان مظاہرہ دنیا نے مشاہدہ کیا۔

ابھی سال 2012ء ختم نہیں ہوا کہ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز برسلز تشریف لے گئے جہاں آپ نے شہرہ آفاق ایڈریس یورپین پارلیمنٹ میں پیش کیا۔

آپ نے فرمایا:''یورپین یونین کا قیام یورپین ممالک کی ایک بہت بڑی کامیابی ہے کیونکہ یہ تمام براعظم کو متحد کرنے کا ذریعہ ہے اور آپ سب کو اس اتحاد کو برقرار رکھنے کے لئے ایک دوسرے کے حقوق کا احترام کرتے ہوئے ہرممکن کوشش کرنی چاہئے ......۔یاد رکھیں کہ یورپ کی طاقت کا راز اس کے اس طرح باہم ایک ہونے اور متحد رہنے میں ہے۔ایسا اتحاد نہ صرف آپ کو یہاں یورپ میں فائدہ دے گا بلکہ عالمی سطح پر بھی اس براعظم کو اپنی مضبوطی اور اثر رسوخ قائم رکھنے میں مد ہوگا۔......... درحقیقت دیکھا جائے تو ہمیں اس بات کی کوشش کرنی چاہئے کہ تمام دنیا باہم ایک ہوجائے۔کرنسی کے معاملہ پر ساری دنیا کو متحد ہونا چاہئے۔فری بزنس اور ٹریڈ میں بھی تمام دنیا کو متحد ہونا چاہئے اور Freedom of Movement اور امیگریشن کے متعلق ٹھوس اور قابل عمل پالیسیاں بنانی چاہئیں تاکہ دنیا باہم متحد ہوجائے۔......مزید یہ کہ اگر صرف وہ ممالک جو اقوام متحدہ میں ویٹو پاور رکھتے ہیں اس بات کو سمجھ جائیں کہ ان سے بھی ان کے اعمال کی جواب طلبی کی جائے گی تو حقیقی طور پر انصاف قائم ہوسکتا ہے۔درحقیقت مَیں اس سے ایک قدم اَور آگے جاؤں گا کہ ویٹو پاور کا اختیار کسی بھی صورت امن قائم نہیں کرسکتا کیونکہ اس کے مطابق واضح طور پر تمام ممالک برابر اور ایک سطح پر نہیں ہیں''۔

الغرض حضور انور ایدہ اللہ نے یورپین پارلیمنٹ کو امن عالم کے لئے ایک اہم اقدام تصور کیا اور جیسا کہ اس پارلیمنٹ کے تمام 27 ممالک کو برابر کا حق حاصل ہے اور کسی کو ویٹو پاور نہیں ہے۔ یہ بات ظاہر کرتی ہے کہ جن بنیادوں پر اس کا قیام عمل میں آیا ہے ریاست ہائے متحدہ یورپ ایک خواب

نہیں بلکہ مستقبل قریب میں ایک حقیقت کی طرح ابھرے گا۔

حضور ایدہ اللہ کے اس مایۂ ناز خطاب کا کیا اثر ہوا اور جو مختلف ممالک کے مندوبین شاملِ کانفرنس تھے ان کے کیا تأثرات تھے، ذیل میں چند ایک تاثرات درج ذیل ہیں جو زبان حال سے یہ گواہی پیش کر رہے ہیں کہ۔

آ رہا ہے اس طرف احرار یورپ کا مزاج
نبض پھر چلنے لگی مُردوں کی ناگہ زندہ وار

Bishop Dr. Amen Howard نے جو سوئٹزرلینڈ سے تعلق رکھتے ہیں نہ صرف حضور انور ایدہ اللہ کی مقناطیسی قوت قدسیہ کا واشگاف الفاظ میں ذکر کیا بلکہ وہ الفاظ استعمال کئے جو حضرت مسیح موعود کی صداقت پر ایک روشن دلیل ہے۔ Dr. Amen فرماتے ہیں:

''یہ شخص جادوگر نہیں لیکن اس کے الفاظ جادو کا اثر رکھتے ہیں۔ لہجہ دھیما ہے لیکن اس کے منہ سے نکلنے والے الفاظ غیر معمولی طاقت وشوکت اور اثر اپنے اندر رکھتے ہیں۔ اس طرح کا جرأتمند انسان مَیں نے اپنی زندگی میں کبھی نہیں دیکھا۔ آپ کی طرح کے صرف تین انسان اگر اس دنیا کو مل جائیں تو امن عامہ کے حوالے سے اس دنیا میں حیرت انگیز انقلاب مہینوں نہیں بلکہ دنوں کے اندر برپا ہوسکتا ہے۔ اور یہ دنیا امن کا گہوارہ بن سکتی ہے۔ **مَیں (دین حق) کے بارہ میں کوئی اچھی رائے نہیں رکھتا تھا اب حضور کے خطاب نے (دین حق) کے بارہ میں میرے نقطۂ نظر کو کلیۃً تبدیل کر دیا ہے''۔**

یہ الفاظ احرار یورپ کے مزاج کی تبدیلی کی تصویر ہے۔

دنیا کی مشہور خبر رساں ایجنسی CNN نے اپنی ویب سائٹ پر یہ درج کیا۔

(ترجمہ):''دینی نقطۂ نظر سے دیکھا جائے تو ہمیں اس بات کی کوشش کرنی چاہئے کہ تمام دنیا باہم ایک ہو جائے۔ کرنسی کے معاملہ میں ساری دنیا کو متحد ہونا چاہئے اور Freedom of Movement اور امیگریشن کے متعلق ٹھوس اور قابل عمل پالیسیاں بنانی چاہئیں تا کہ دنیا باہم متحد ہو''۔

ان فقرات کی سرخیاں یہ تھیں: "Quote of the Day" یہی فقرہ دین کی تعلیم کا لب لباب ہے جو حضور انور ایدہ اللہ نے بیان فرمایا۔

سپین کے ایک عالم اور متعدد کتب کے مصنف نے ان الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا:

''خدا آپ پر بہت مہربان ہے اور مَیں بھی خدا کے نام پر آپ کے لئے بھلائی چاہتا ہوں۔ اور دعا گو ہوں کہ آپ کو خدا دولت اور امن عطا کرے۔ مَیں مذہبی شخص ہوں اور بعض روحانی تجربات رکھتا ہوں۔ ایک عرصہ سے مَیں نے ایسا مذہبی ماحول نہیں دیکھا تھا۔ ہم جانتے ہیں کہ روحانی شخص وہ ہوتا ہے جو سیدھی راہ پر ہو، وہ خدا کے ساتھ ہو اور خدا اس کے ساتھ ہو''۔

محترمہ Racio Lopez جو کہ Toledo کی کانگریس وومین ہیں نے اپنے تاثرات یوں تحریر فرمائے:۔

''اس تقریب نے دوستی اور بھائی چارہ کے اثرات چھوڑے ہیں۔ برسلز کے اس پروگرام نے ایک متحرک جماعت کا علم دیا جو مسلسل تعمیری کاموں میں مصروف ہے (Constant Renovation)۔ عزت مآب مرزا مسرور احمد کی قیادت میں 'محبت سب کے لئے نفرت کسی سے نہیں' جیسے ماٹو کے تحت مختلف قوموں سے تعلق رکھنے والے احمدی باہم مل جل گئے ہیں۔ دنیا جو اپنے نشے میں دھت چلی آرہی ہے اور جہاں امن اور محبت کا پیغام انتہائی اہم ہے۔ ایسی دنیا میں آپ لوگوں کے بارہ میں جاننا ہی ایک اعزاز کی بات ہے۔ اس بات سے کیا چیز خوبصورت ہوسکتی ہے کہ آپ کے امام سے کچھ تبادلۂ خیال ہو جائے۔ یا ان کی تشدد کے خلاف تقریر کو غور سے سنا جائے۔ مَیں آپ کے تصورات کی کامل تائید کرتی ہوں اور مَیں اس مرد خدا کی طرف سے عالمی انسانی حقوق کی بحالی اور دنیا میں امن کے قیام کی تمام باتوں سے اتفاق کرتی ہوں۔ مَیں ہمیشہ مذہب کی بنیاد پر مظالم کی مذمت کرتی رہوں گی۔ خدا ہمیشہ آپ پر مہربان رہے''۔

دو درجن سے زائد تأثرات الفضل میں شائع ہو چکے ہیں اور قارئین 27/دسمبر 2012ء کی اشاعت میں ملاحظہ کر سکتے ہیں۔ صرف یہ چند پیش کئے گئے ہیں جن سے اظہر من الشّمس ہے کہ حضرت مسیح موعود نے جو فرمایا تھا وہ من وعن نہ صرف پورا ہوا بلکہ یورپ کے 733 ملین باشندگان کے لئے ان کی پارلیمنٹ سے نشر ہوا۔ **2013ء میں بھی امن عالم کا یہ سفر جاری رہا اور حضور اقدس نے دنیا کے کناروں تک یہی پیغام پہنچایا۔**

یہ تمام امور جن کا اس مضمون میں ذکر کیا گیا ہے ان سے یہ محسوس ہوتا ہے کہ الٰہی بشارت کہ دنیا متحد ہو جائے اور ان خطوط پہ یہ اتحاد عمل میں آئے جو کہ (دین حق) نے تجویز کئے اور حضرت مسیح موعود اور آپ کے خلفاء نے پیش فرمائے۔ اور مختلف ادوار میں ہم نے اس مقصد کو قریب تر آتے دیکھا جو حضرت مسیح موعود کی بعثت کا مقصد تھا۔ ریاست ہائے متحدہ یورپ کا قیام لحظہ بہ لحظہ معرض وجود میں آنے کو ہے۔ آج 30 تو کل تمام 50 ممالک اس میں شامل ہو کر ایک متحدہ یورپ دنیا کے نقشے پر ابھرتے دیکھیں گے۔

ہم نے کوشش کی ہے کہ دیوار کی تحریر پڑھ سکیں اور جائزہ لیں کہ الٰہی اشارے کس طرف ہیں۔ حضور اور آپ کے تمام خلفاء اس اتحاد عالم کے داعی ہیں اور تمام دنیا اسی صورت میں امن کا گہوارہ بن سکتی ہے جب وہ احمدیت سے روشناس ہو اور اس کی تعلیمات کو حرز جان بنائے۔ خدا کرے ایسا ہی ہو۔ آمین

❁❁❁❁❁❁

مکرم نصیر احمد صاحب

انسانی جسم میں خوراک کی اہمیت

اگر غذا زندگی کے لئے ضروری ہے تو اس کی زیادتی صحت کے لئے نقصان دہ بھی ہے

غذا ہر جاندار کی بقاء کیلئے بے حد ضروری ہے۔ غذا جسم میں ایندھن کا کام دیتی ہے۔ اس سے صرف پیٹ بھرنے کا ہی کام نہیں لینا چاہئے بلکہ ایسی غذا کا انتخاب کرنا چاہئے جو ہمارے جسم کو بھرپور توانائی بھی فراہم کرے۔ غذا مناسب ہو تو جسم کا نظام بھی درست رہتا ہے۔

غذا اور صحت لازم وملزوم ہیں۔ غذا کے پکانے اور کھانے میں احتیاط ضروری ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ہمارے جسم کا عجیب نظام بنایا ہے۔ اس میں ٹھوس اور سیال دونوں مادے موجود ہیں۔ دانت، ہڈیاں، کھوپڑی سخت ہیں تو خون رقیق مادہ ہے۔ دل، جگر، گردے نرم اعضاء ہیں۔

بنیادی طور پر جسم خلیوں سے بنا ہے اور یہ خلیہ ہی حیات کی اکائی ہے۔ خلیے ٹوٹتے رہتے ہیں۔ ان کی مرمت بھی ہوتی ہے اور نئے خلئے بھی بنتے رہتے ہیں۔ ان خلیوں کی تعمیر ومرمت کے لئے غذا انتہائی اہم ہے۔

اسلامی طب پر نظر ڈالیں تو پتہ چلتا ہے کہ غذا کو بنیادی اہمیت حاصل رہی ہے۔ غذا سے علاج کیا گیا پھر دوسرے نمبر پر جڑی بوٹیاں ہیں۔

رسول کریمؐ کے پاس اس وقت کے مدینہ منورہ کے طبیب آئے اور کہا کہ ہمارے پاس کوئی مریض نہیں آتا ہم بے کار بیٹھے رہتے ہیں۔ آپؐ نے فرمایا یہ لوگ پیٹ پوری طرح بھرنے سے قبل کھانے سے ہاتھ روک لیتے ہیں۔ ان کی صحت مندی کا راز کم خوری ہے۔ آپؐ نے فرمایا معدہ انسانی جسم میں حوض کی مانند ہے اس سے نالیاں جسم کے مختلف حصوں میں جاتی ہیں اگر معدہ تندرست ہوگا تو یہ نالیاں صحت مند اشیاء لے کر جائیں گی ورنہ یہ نالیاں بیماری لے کر جائیں گی۔

طب جدید نے اسلام کی سینکڑوں برس پہلے کی کہی گئی ان باتوں کو سو فیصد درست قرار دیا ہے۔ آج کے ڈاکٹر بھی غذا کو صحت کے لئے مفید قرار دیتے ہیں۔

لہسن و پیاز صحت کے لئے بہت اہم ہیں۔ یہ ہائی بلڈ پریشر سے بچاتے ہیں۔ خاص طور پر لہسن دائمی نزلہ وزکام سے بچاتا ہے۔ اسے کچا کھایا جائے تو بہت مفید ہے۔ خون کی تنگ نالیوں کو کشادہ کرتا ہے۔ خون کو پتلا رکھتا ہے۔ دل کے حملے سے بچاتا ہے۔ بھوننے سے ان کی افادیت میں قدرے کمی آجاتی ہے۔

لہسن پیاز کے بعد ہری سبزیاں قدرت کا ایک عظیم تحفہ ہیں۔ ان میں پروٹین سے لے کر کیلشیم اور تیل شامل ہوتا ہے اور وہ خاص جز بھی شامل ہے جو چربی اور تیل کو جسم میں ''حیاتین الف'' میں تبدیل کر دیتا ہے۔ اس حیاتین کی کمی سے آنکھیں متاثر اور بینائی میں کمی ہوتی جاتی ہے۔

غذا سے اگر زندگی کی بقاء ہے تو اس کی زیادتی صحت کے لئے خطرناک بھی ہے۔ ''ذیابیطس'' (شوگر) کے مرض کی ایک اہم وجہ بسیار خوری بھی ہے۔ اس مرض پر غذا کو کنٹرول کرنے سے قابو پایا جاسکتا ہے۔

غذا کی بھی قسمیں ہیں۔ ماہرین کی تحقیق کے مطابق غذا کو مختلف حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے ہر ایک کی اپنی اپنی افادیت اور اہمیت ہے۔ توانائی دینے والی غذا میں کاربوہائیڈریٹ سرفہرست ہے۔ یہ ہمیں نشاستہ، آلو، دلیا، شکر، مٹھائیاں، مربے، شربت، چاول وغیرہ سے حاصل ہوتی ہے۔ ان کا استعمال اعتدال سے کرنا چاہئے۔

پروٹین (Protien)

پروٹین سے ہمارا جسم قوت حاصل کرتا ہے۔ یہ جسم میں نئے ٹشو بناتی اور پرانے ٹشوؤں کی جگہ پر کرتی ہے۔ پروٹین ہمیں جانوروں اور سبزیوں سے حاصل ہوتی ہے۔ جانوروں سے حاصل ہونے والی پروٹین کا بوجھ ہمارے گھریلو بجٹ پر خاصا پڑتا ہے۔ گوشت، مچھلی، مرغی، پنیر، انڈے اور دودھ وغیرہ سے سبزیوں کی نسبت زیادہ پروٹین ملتی ہے۔ چونکہ گوشت وغیرہ سے جو پروٹین حاصل ہوتی ہے وہ عام متوسط یا غریب آدمی آسانی سے برداشت نہیں کر سکتا اس لئے وہ سبزیوں سے بآسانی پروٹین حاصل کر سکتا ہے۔ مٹر، پھلیاں، دالیں اور خشک میوہ جات میں وافر پروٹین پائی جاتی ہے۔

مختلف غذاؤں میں مختلف معیار کی پروٹین پائی جاتی ہے۔

گیہوں کا آٹا، دالیں اور چاول میں پائی جانے والی پروٹین سے جسم کو حرارت اور قوت ملتی ہے۔ جسمانی نشوونما کے لئے پروٹین بے حد اہم ہے۔ جن بچوں کو پروٹین نہیں ملتی ان کے قد اور وزن نہیں بڑھتے۔

پروٹین جسم میں شکر کو متناسب درجہ پر قائم رکھتی ہے۔ اس سے صحت ٹھیک رہتی ہے۔

ایک اہم بات یہ ہے کہ جسم میں آکسیجن کی شمولیت کی رفتار باقاعدہ رہتی ہے۔ اس کی کمی سے خون کے سرخ ذرات جو پھیپھڑوں سے آکسیجن جسم کے مختلف حصوں کو مہیا کرتے ہیں ان کی تعداد بہت کم ہو جاتی ہے۔

پروٹین کے لفظی معنی ''اولین مقام والے''

ہیں۔ غذا میں اسے اول مقام حاصل ہے۔ یہ ہر عمر کے لئے لازمی ہے۔

پروٹین کی کمی سے جہاں بچوں کی نشوونما نہیں ہوتی۔ خون کی کمی رہتی ہے۔ قد نہیں بڑھتا اسی طرح بڑوں میں پاؤں پر سوجن نمایاں لگتی ہے۔ جسم میں ناتوانی سی رہتی ہے۔ ایک بالغ آدمی کو روزانہ دو گلاس دودھ، ایک انڈا، پنیر، دال، مغزیات، وغیرہ استعمال کرنے چاہئیں۔ لسی بھی بہت مفید مشروب ہے جو ہر عمر کے لوگوں کے لئے مفید ہے۔

وٹامنز (Vitamins)

بہت تھوڑی مقدار میں وٹامنز ہمارے جسم کی ضرورت پوری کرنے کے لئے کافی ہوتے ہیں۔ وٹامن دراصل لفظ ''ویٹاامین'' تھا جس کو پولینڈ کے ایک سائنس دان نے دریافت کیا۔ اس لفظ کا مطلب ہے ''زندگی اور صحت کا لازمی جز'' بعد میں یہ وٹامن کے طور پر معروف ہوا۔ اب تک بیس سے زیادہ وٹامن دریافت ہو چکے ہیں۔ یہ قلیل مقدار میں ہونے کے باوجود انتہائی ضروری ہے۔ ان کی مثال اس طرح ہے کہ جیسے گاڑی میں سارے کل پرزے درست ہوں، پٹرول بھی موجود ہو مگر گاڑی کو سٹارٹ کرنے کے لئے ''سپارک'' کی ضرورت ہوتی ہے جس سے پٹرول جلتا اور طاقت پکڑتا ہے۔ انسانی جسم میں بھی وٹامن (حیاتین) ''سپارک'' کا کام دیتے ہیں۔ ان کے ساتھ ملنے سے غذا جزو بدن بنتی ہے۔ وٹامن کئی قسموں کے ہیں اور ان کا حصول متوازن غذا سے ہی ممکن ہے۔ تازہ سبزیاں پھل، انڈے، دودھ اور گوشت و مچھلی ان کا اہم ذریعہ ہیں۔

چکنائی (Fats)

یہ انسانی جسم کو گرمائی اور توانائی دیتی ہے۔ یہ کاربن ہائیڈروجن اور آکسیجن کا مرکب ہے۔ یہ ہمیں مکھن، مارجرین سبزیوں کے تیل، مچھلی کا تیل، کریم پنیر، انڈوں اور دودھ سے حاصل ہوتی ہے۔

زیادہ چکنائی کھانے سے خون میں کولسٹرول کی مقدار بڑھ جاتی ہے اور دل کے امراض جنم لینے لگتے ہیں۔ پورے دن میں ایک چھٹانک (50 گرام) سے زیادہ چکنائی نہیں کھانی چاہئے۔

نمکیات (Minerals)

